☆......تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

☆......کتابیں مرکزی دفتر کے پتے پر ارسال فرمائیے

صیغہائے قرآنیہ

تالیف: مولانا محمد قاسم حفظہ اللہ۔صفحات کتاب: 582۔طباعت: مناسب۔قیمت: لکھی نہیں۔ملنے کا پتا: مکتبہ ابن عباس، تخت بھائی، مردان۔فون: 0336-9559130

قرآن مجید کتاب ہدایت، انسانیت کے لیے منشور و دستور زندگی اور اخروی نجات کا نسخہ ہے۔خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو اس پیغام کو سمجھنے سمجھانے میں وقت صرف کرتے اور اس سے راہ پاتے ہیں۔نزول قرآن کے بعد صحابہ و تابعین کرام سے لے کر آج دن تک اہل علم نے قرآن مجید کی خدمت کے مختلف میدانوں میں زندگیاں صرف کی ہیں۔قرآن مجید کے علوم اس قدر متنوع ہیں کہ تا قیامت عقلیں ان علوم کے سمندر میں غوطہ زن رہیں گی۔زیرہ تبصرہ کتاب ''صیغہائے قرآنیہ'' مدرسہ ابن عباس تخت بھائی مردان کے استاذ مولانا محمد قاسم صاحب زید مجدہم کی تالیف ہے۔مولانا موصوف شعبان کی چھٹیوں میں طلبہ کو دورۂ صرف ونحو کراتے ہیں اور اس دورے میں طلبہ کو قرآن مجید سے صرف نحو کا اجراء بھی کراتے ہیں۔زیر تبصرہ کتاب میں درج ذیل باتوں کا خیال کیا گیا ہے:

۱۔قرآن مجید کے تمام مشکل صیغوں کو قوانین اور تعلیلات کے ساتھ حل کیا گیا ہے جن کی تعداد 6960 بنتی ہے۔

۲۔ہر صیغہ کے ساتھ آیت نمبر بھی دیا گیا ہے تا کہ بوقت ضرورت قرآن کریم کی طرف رجوع میں آسانی ہو۔

۳۔کسی صیغہ کے حل میں قوانین کی نشان دہی استقراء اور تتبع پر موقوف ہے تمام قوانین کا استغراق نہیں کیا گیا ہے۔

۴۔آخری پندرہ پاروں میں ہر سورت کے آخر میں مشکل صیغوں کا تعین کیا گیا ہے اور ہر سورت کے تمام صیغوں کی تعداد بھی لکھی گئی ہے۔

۵۔ابتدائی پارہ کے تمام صیغوں کو مکمل تفصیل کے ساتھ حل کیا گیا ہے، تا کہ اجراء میں دقت نہ ہو۔

فائدہ کے لیے کتاب کے آخر میں قوانین بھی دیے گئے ہیں تا کہ طلبہ کو بوقت ضرورت دیکھنے میں آسانی ہو۔

ابتدائی درجات کے طلبہ کے لیے یہ کتاب کافی مفید ہے۔جن طلبہ کو اپنی علمی استعداد بڑھانا مقصود ہو وہ ضرور اس کتاب کا مطالعہ کریں۔